2025-03-10

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- بھارت نے، ICC چیمپئنس ٹرافی، ریکارڈ تیسری بار جیتی ہے۔ اُس نے نیو زیلینڈ کو شکست دی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بڑی کامیابی پر بھارت کی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

2- پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج شروع ہوگا۔

3- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کا تین روزہ دورہ شروع کریں گی۔

4- مدھیہ پردیش کو، آج مادَھو نیشنل پارک کے افتتاح کے بعد، شیروں کی نویں پناہ گاہ حاصل ہو جائے گی۔

5- بھارت اور یوروپی یونین، آج برسلز میں ایک آزاد تجارتی معاہدے کے لیے 10ویں دور کے مذاکرات شروع کریں گے۔

6- اور کینیڈا کی برسرِ اقتدار لِبرل پارٹی نے، مارک کارنی کو، جسٹِن ٹروڈو کی جگہ، ملک کا وزیر اعظم مقرر کیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Champions Trophy Final

ٹیم انڈیا نے گل رات دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میں نیو زیلینڈ پر چار وکٹ سے شاندار جیت حاصل کرنے کے بعد ریکارڈ تیسری مرتبہ ICC چیمپینز ٹرافی اپنے نام کرلی ہے، جو ایک تاریخی کامیابی ہے۔

S/B Starting Cricket

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Vinod Kumar

یہ جیت بھارت کی ICC کی لگاتار دوسری جیت ہے۔ گذشتہ سال ٹی ٹوئینٹی عالمی کپ کی کامیابی کے بعد بھارت نے عالمی سطح پر اپنی برتری کو مزید مستحکم کیا ہے-x

Music

Indian Cricket Team Message

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے ICC چیمپینزٹرافی جیتنے پر بھارتی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارتی ٹیم ایسی واحد ٹیم بن گئی ہے جس نے تین مرتبہ چیمپینز ٹرافی حاصل کی ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ کھلاڑی مینجمنٹ اور معاون عملہ کرکٹ میں تاریخ رقم کرنے میں سب سے زیادہ تعریف کا مستحق ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارتی ٹیم کی جیت کو سراہتے ہوئے اِسے ایک منفرد کامیابی سے ہمکنار کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ ٹیم نے ٹورنامنٹ میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھارت کی جیت کو تاریخی قرار دیا ہے۔

اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے انڈین کرکٹ ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے انھیں کبھی نہ رکنے والے چیمپینز قرار دیا۔

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر منسکھ مانڈیا نے بھی بھارت کی جیت پر مسرت کا اظہار کیا ہے-x

Parliament Budget Session

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج سے شروع ہو رہا ہے۔ یہ مرحلہ 4 اپریل تک جاری رہے گا، جس کے دوران 20 نشستیں ہوں گی۔

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج منی پور کے لیے بجٹ پیش کریں گی۔ اِس ریاست میں، وزیر این برین سنگھ کی طرف سے، پچھلے مہینے استعفیٰ دیے جانے کے بعد سے صدر راج نافذ ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اجلاس کے دوران سال 2025-26 کے لیے مطالبات زر پر بحث اور ووٹنگ ہوگی اور اِس سے متعلق بِل پر بھی بحث مباحثہ کیا جائے گا۔

تفصیل ہماری نامہ نگار سے

V/C - Superna

اِس دوسرے مرحلے کے اجلاس کے دوران، خزانے سے متعلق کام کاج کے علاوہ بہت سے بِلوں پر بحث مباحثہ کیا جائے گا، جن میں بینکنگ قوانین کا ترمیمی بِل، ساحلی جہاز رانی

بِل 2024، امیگریشن اور غیر ملکیوں سے متعلق بِل 2025 اور ریلویز کا ترمیمی بِل شامل ہے۔ پارلیمنٹ کا پہلے مرحلے کا بجٹ اجلاس 31 جنوری سے 13 فروری تک منعقد کیا گیا تھا۔ یہ اجلاس پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی مشترکہ نشست سے، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب سے شروع ہوا تھا اور وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے یکم فروری کو مرکزی بجٹ پیش کیا تھا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے دونوں ایوانوں میں صدر کے خطبے پر شکریہ کی تحریک کا جواب دیا تھا۔ پہلے مرحلے کے دوران لوک سبھا میں 112 فیصد کام کاج کیا گیا تھا۔

وقف ترمیمی بِل 2024 پر مشترکہ کمیٹی کی رپورٹ بھی لوک سبھا میں پیش کی گئی تھی۔

سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں …………

MP Budget Session

مدھیہ پردیش کی 16ویں ودھان سبھا کا بجٹ اجلاس آج سے شروع ہو رہا ہے۔ یہ اجلاس 24 مارچ تک جاری رہے گا۔ اسمبلی اسپیکر نریندر سنگھ تومر کل ایوان پہنچے اور بجٹ اجلاس کے لیے تیاریوں کا جائزہ لیا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

VC - Sanjeev Sharma - Budget

مدھیہ پردیش اسمبلی کے بجٹ اجلاس کے لیے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ اِس 15 روزہ اجلاس میں ایوان کی کُل 9 نشستیں ہوں گی۔ مدھیہ پردیش اسمبلی کے پرنسپل سکریٹری AP سنگھ نے بتایا ہے کہ اس بجٹ اجلاس کے لیے ایک ہزار 448 ستارے والے سوالات جبکہ ایک ہزار 491 بغیر ستارے والے سوالات سمیت کُل 2 ہزار 939 سوالات کی معلومات اسمبلی سکریٹیریٹ کو موصول ہوئی ہے۔

مدھیہ پردیش کی 16 ویں اسمبلی کا یہ پانچواں اجلاس ہوگا۔ اجلاس کے پیش نظر سیکیورٹی کے بھی سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.............

MP Tiger Reserve

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو آج ایک شیر اور شیرنی کو، پناہ گاہ میں چھوڑ کر ریاست کی، شیروں کی نویں پناہ گاہ کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعلیٰ اِس پارک میں پتھر کی، 13 کلو میٹر طویل ایک حفاظتی دیوار کا افتتاح کریں گے۔

ایک رپورٹ

V/C - Sanjeev Sharma- Tiger

وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے، وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا ہے کہ انہوں نے ریاست کو ملک کی شیروں کی پناہ گاہ کے طور پر، مادَھو نیشنل پارک کا تحفہ عطا کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ شیروں کی پناہ گاہ سے جنگلاتی زندگی کے تحفظ اور سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا۔ مادَھو ٹائیگر ریزرو 37 ہزار ہیکٹیئر سے زیادہ رقبے پر واقع ہے اور یہ پنّا ٹائیگر ریزرو اور رَن تھم بور ریزرو کے درمیان واقع ہے۔ اِس سے اِن دونوں ریاستوں کے درمیان شیروں کی راہداری کو استحکام حاصل ہوگا۔ مادَھو ٹائیگر ریزرو، کونو نیشنل پارک سے بھی مربوط ہے۔ مادَھو ٹائیگر ریزرو میں شیروں اور کونو نیشنل پارک میں چیتوں کی موجودگی سے سیاحت میں پورے گوالیار، شیو پوری-شَیو پوری خطّے میں تیزی سے اضافہ ہوگا۔

نیز مقامی لوگوں کے لیے روزگار کے بہت سے موقعے پیدا ہوں گے۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

Telengana Tunnel Rescue

تلنگانہ میں، Sri Sailam Left Bant Canal Tunnel میں پھنسے آٹھ میں سے ایک شخص کی لاش 16 دن بعد برآمد کر لی گئی ہے۔ نانگر کُرنُول ضلع میں Domala Penta میں واقع ایک سرنگ کا کچھ حصہ پچھلے مہینے کی 22 تاریخ کو منہدم ہو گیا تھا۔ برآمد کی گئی لاش پنجاب کے Taran Taaran سے تعلق رکھنے والے گرپریت سنگھ کے طور پر ہوئی ہے۔ تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اے-ریونتھ ریڈّی نے ہلاک مزدور کے اہلِ خانہ کو 25 لاکھ روپے کی مالی اعانت دینے کا اعلان کیا ہے۔

سرنگ میں پھنسے آٹھ افراد میں سَنی سنگھ، گرپریت سنگھ، منوج کمار، سری نیواس، سندیپ ساہو، سنتوش ساہو، انوج ساہو اور Jagath Khes شامل تھے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

President Haryana Visitِ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کا تین روزہ دورہ کریں گی، جو آج سے شروع ہو رہا ہے۔ اپنے دورے کے پہلے دن وہ حصار کی سائنس اور ٹیکنالوجی کی گرُو جَم بھیشور یونیورسٹی کی تقسیم اسناد تقریب میں شرکت کریں گی۔

اسی دن صدر جمہوریہ برہم کماری کی گولڈن جوبلی تقریبات کے موقع پر ”مجموعی فلاح و بہبود کے لیے روحانی تعلیم“ کی ریاستی سطح کی مہم کا آغاز کریں گی۔

کل صدر جمہوریہ بھٹنڈا میں پنجاب کی سینٹرل یونیورسٹی اور ایمس کے جلسہئ تقسیم اسناد تقریبات میں شرکت کریں گی۔ شام میں صدر جمہوریہ موہالی میں پنجاب کی حکومت کی طرف سے دیے گئے عوامی استقبالیہ میں شرکت کریں گی۔

بدھ کے روز صدرِ جمہوریہ چنڈی گڑھ میں پنجاب یونیورسٹی کی تقسیم اسناد تقریب میں شرکت کریں گی۔x

PM Mauritius Visit

وزیر اعظم نریندر مودی، ماریشس کے اپنے دو روزہ دورے میں، اُس ملک کے اپنے ہم منصب کے ساتھ مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ اُن کا یہ دورہ کل سے شروع ہوگا۔ اِن پروجیکٹوں میں سوِل سروس کالج اور علاقائی صحت مرکز بھی شامل ہے۔ اِن پروجیکٹوں کی تعمیر میں بھارت نے امداد دی ہے۔

ماریشس میں بھارت کے ہائی کمشنر انوراگ سریواستو نے ہمارے نامہ نگار سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور ماریشس کے درمیان وسیع، فعال اور باہمی تعلقات ہیں اور وزیر اعظم مودی کے اِس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط تعلقات کا اعادہ ہوگا۔ نیز اِن تعلقات کو نئی اونچائیوں تک لے جانے میں مدد ملے گی۔

S/B - Mauritius High Commissioner

India EU Free Trade Agreement

بھارت اور 27 ملکوں پر مشتمل یوروپی یونین، آج برسلز میں ایک مجوزہ آزاد تجارتی سمجھوتے پر، دسویں دور کی بات چیت کریں گے۔ امید ہے کہ اِس بات چیت میں بقیہ معاملات کو حل کرنے پر توجہ دی جائے گی، تاکہ اِس سمجھوتے کو اِس سال کے آخر تک قطعی شکل دی جا سکے۔

تجارت اور مالی فراہمی کی یقین دہانی کے، یوروپی یونین کمشنر Maros Sefovic کے حالیہ دورے میں طرفین نے ایک متوازن اور باہمی فائدے مند تجارتی معاہدے کی جانب کوششوں میں اضافے کے طور طریقوں پر تبادلہئ خیال کیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی اور یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen نے پچھلے مہینے اِس بات سے اتفاق کیا تھا کہ بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کو اِس سال کے آخر تک تکمیل تک پہنچا دیا جائے۔

اگرچہ ٹرمپ انتظامیہ کی طرف سے مزید محصول عائد کرنے کے اندیشے بھی موجود ہیں۔

جون 2022 میں بھارت اور 27 ملکوں کے EU بلاک نے 8 سال کے وقفے کے بعد مذاکرات دوبارہ شروع کیے تھے۔x

Canada New PM

Mark Carney کینیڈا کے اگلے وزیر اعظم ہوں گے۔ اُنہیں برسرِ اقتدار لِبرل پارٹی نے، اپنے رہنما کے طور پر چُنا ہے۔ اُنہیں جلد ہی وزیر اعظم کے عہدے کا حلف دلایا جائے گا۔ وہ وزیر اعظم Justin Trudeau کی جگہ لیں گے، جنہوں نے جنوری میں اپنے استعفے کا اعلان کیا تھا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vishnu

59 سالہ Mark Carney بینک آف کینیڈا کے گورنر کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں اور اِس سے پہلے 2013 میں انہوں نے ایک تاریخ رقم کی تھی کہ وہ ایک غیر-شہری ہوتے ہوئے بینک آف انگلینڈ کے اعلیٰ ترین عہدے پر فائز رہے۔ انہوں نے یہ عہدہ ایک ایسے دور میں سنبھالا ہے، جب کینیڈا کو، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے تجارتی جنگ اور محصولات کے اندیشوں کا سامنا ہے۔ عہدے کو قبول کرنے سے متعلق اپنی تقریر میں کارنی نے کہا کہ کینیڈا کو مشکل دنوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے اُس وقت تک امریکی اشیاء پر انتقامی محصولات لاگو کرنے کا بھی عزم کیا ہے، جب تک کہ امریکہ کی طرف سے کینیڈا کے تئیں احترام ظاہر نہیں کر دیا جاتا۔

وشنو پی ایس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

J&K KIWG

جموں و کشمیر میں کھیلو انڈیا سرمائی کھیل کود مقابلے 2025 کے دوسرے مرحلے کا آغاز شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلعے کے گلمرگ میں برف سے ڈھکی ہوئی پہاڑیوں پر ہوا۔ مختلف کھیلوں میں کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کے ساتھ کھیلوں کے افتتاحی دن کا اختتام جوش و خروش و کامیابی کے ساتھ ہوا۔

مردوں کے Snow Boarding Slalom مقابلے میں جموں و کشمیر کے محی الدین خان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور سونے کے تمغے کے لیے اپنی راہ ہموار کرلی۔

خواتین کے Snow Boarding Slalom میں اتراکھنڈ میں Menka Gunjiyal نے بآسانی کامیابی حاصل کرکے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

مردوں کےSki ماؤنٹیرینگ اسپرنٹ مقابلے میں فوج کے راجیشور سنگھ نے سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

ایک رپورٹ

V/C Tariq Rather - Recorded

Iran Nuclear Programme

بھارت اور 27 ملکوں پر مشتمل یوروپی یونین، آج برسلز میں ایک مجوزہ آزاد تجارتی سمجھوتے پر، دسویں دور کی بات چیت کریں گے۔ امید ہے کہ اِس بات چیت میں بقیہ معاملات کو حل کرنے پر توجہ دی جائے گی، تاکہ اِس سمجھوتے کو اِس سال کے آخر تک قطعی شکل دی جا سکے۔

تجارت اور مالی فراہمی کی یقین دہانی کے، یوروپی یونین کمشنر Maros Sefovic کے حالیہ دورے میں طرفین نے ایک متوازن اور باہمی فائدے مند تجارتی معاہدے کی جانب کوششوں میں اضافے کے طور طریقوں پر تبادلہئ خیال کیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی اور یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen نے پچھلے مہینے اِس بات سے اتفاق کیا تھا کہ بھارت-یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کو اِس سال کے آخر تک تکمیل تک پہنچا دیا جائے۔

اگرچہ ٹرمپ انتظامیہ کی طرف سے مزید محصول عائد کرنے کے اندیشے بھی موجود ہیں۔

جون 2022 میں بھارت اور 27 ملکوں کے EU بلاک نے 8 سال کے وقفے کے بعد مذاکرات دوبارہ شروع کیے تھے۔x

India Kyrgystan

بھارت- کرغستان مشترکہ خصوصی فورسز مشق کا 12 واں مرحلہ آج کرغستان میں شروع ہوگا۔ یہ 14 روزہ Khanjar-XII مشترکہ مشق اس مہینے کی 23 تاریخ تک جاری رہے گی۔ اِس مشق کا مقصد انسداد دہشت گردی اور خصوصی فورسز کی کارروائیوں میں شہری اور پہاڑی بلند بالا علاقے کے حالات کے تعلق سے تجربات اور بہترین طریقوں کا تبادلہ کرنا ہے۔

یہ مشق دونوں ممالک کو اپنے دفاعی تعلقات کو مستحکم بنانے کا موقع فراہم کرے گی ساتھ ہی بین الاقوامی دہشت گردی اور انتہا پسندی کی مشترکہ خدشات کو بھی حل کرے گی۔ x

J&K Probe

جموں و کشمیر میں اُن تین افراد کی موت کی جانچ کے لیے پولیس کی ایک ٹیم تشکیل دی گئی ہے۔ جن کی لاشیں کٹھوا ضلعے میں دور دراز کے جنگلاتی علاقے میں ایک جھرنے کے قریب ملی تھیں، جموں کٹھوا سامبھا رینج کے پولس کے ڈپٹی انسپیکٹر جنرل شیو کمار نے بتایا کہ معاملے کے سبھی پہلوؤں کو دیکھا جائے گا اور چھان بین کے نتائج کو جلد ہی منظرِ عام پر لایا جائے گا۔x

S/B Shiv Kumar

J&K Kathua Killings

جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کٹھوعہ ضلعے میں تین شہریوں کے قتل کے واقعے کی جلد اور منصفانہ تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ 15 سالہ ورون، اس کے 32 سالہ چچا یوگیش سنگھ اور 40 سالہ ماموں درشن سنگھ کی لاشیں، ہفتے کو کٹھوعہ ضلعے کے دوردراز کے ملہار علاقے کے ایشو نالے سے ملی تھیں۔ یہ تینوں افراد پانچ مارچ کو لاپتہ ہو گئے تھے۔ LG نے کہا کہ تین افراد کے وحشیانہ قتل کی خبر سے اُنہیں کافی رنج و غم ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف یقینی طور پر ہوگا اور قصورواروں کو سزا ملے گی۔×

## ISL Football

انڈین سپر لیگ ISL فٹبال میں آج شام کولکاتہ کے کشور بھارتی Kri-rangan اسٹیڈیم میں پنجاب FC کا مقابلہ محمڈن اسپورٹنگ کلب سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

پنجاب 27 پوائنٹس کے ساتھ 10 ویں مقام پر ہے جبکہ محمڈن محض 12 پوائنٹس کے ساتھ سب سے نچلے مقام پر ہے۔ دونوں ہی ٹیموں کے درمیان سیزن کا یہ آخری میچ ہوگا۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیاتIMD نے آج جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان اور مظفر آباد میں دور دور تک موسلہ دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD کے مطابق ہماچل پردیش، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں گرج چمک اور بجلی کا بھی امکان ہے۔ موسمیات سے متعلق ادارے نے کونکن، گوا اور گجرات میں اگلے دو روز کے دوران گرمی رہنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے یہ بھی کہا ہے کہ شمال مغربی بھارت کے میدانی علاقوں میں اگلے تین سے چار روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں تین سے چار ڈگری سیلسیس کا بتدریج اضافہ ہوگا۔x

## Must Announcemnt Pubic Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ”آن لائن مالی دھوکے بازی“ کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، Indian Cybercrime Coordination Centre کے ڈائریکٹر نِشانت کمار اور دلّی پولیس کے خصوصی Cell کے جوائنٹ کمشنر آف پولیس رجنیش گپتا کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات  اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

WCD Minister UN Visit

خواتین اور بچوں کی ترقی کی مرکزی وزیر ان پورنا دیوی کی قیادت میں ایک بھارتی وفد آج نیویارک میں اقوام متحدہ ہیڈ کوارٹر میں شروع ہونے والے خواتین کے Status (سی ایس ڈبلیو) کمیشن کے 69 ویں اجلاس میں شرکت کرے گا۔

خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزیر اجلاس میں ایک بیان دیں گی اور ایک وزارتی راؤنڈ ٹیبل میں حصہ لیں گی، جس میں، سبھی خواتین اور بچیوں کو بااختیار بنانے اور جامع ترقی کے لیے بھارتی حکومت کے یکسر تبدیلی والے اقدامات کو اجاگر کیا جائے گا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینے کے ساتھ ہیں: ......مجیب

شکریہ - شبانہ

دارالحکومت دلی سے شائع ہونے والے آج کے زیادہ تر اخبارات نے آئی سی سی چیمپینز ٹرافی میں بھارتی کرکٹ ٹیم کی شاندار جیت کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے: بھارت کا چیمپینز ٹرافی پر قبضہ، نیوزی لینڈ کو شکست دی۔

ساتھ ہی روزنامہ پرتاپ لکھتا ہے، کوہلی نے ایک خاص کامیابی حاصل کی۔ سچن کے بعد اس سرکردہ کھلاڑیوں کی فہرست میں کوہلی دوسرے بھارتی کھلاڑی بنے۔

آج کے کئی اخباروں نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج سے شروع ہونے کی خبر کو پیش کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ چار اپریل تک جاری رہنے والے بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے میں 20 نشستیں ہوں گی۔

اسی اخبار کی ایک اور اہم خبر ہے ”شمالی کشمیر کے سیاحتی مقام گلمرگ میں سخت سیکیورٹی بندوبست کے درمیان کھیلو انڈیا سرمائی کھیلوں کا پانچواں مرحلہ شروع ہوگیا۔“

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے گلوبل اچیورز ایوارڈ 2025 میں سرکردہ خواتین کو اعزاز سے نوازے جانے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔

اخباروں کے عالمی خبروں کے صفحے کی روزنامہ انقلاب کی ایک اہم خبر ہے: جنوبی افریقہ میں خراب موسم کے باعث 22 افراد کی موت، ساتھ ہی اسی اخبار نے آسٹریلیا میں طوفان الفریڈ سے تباہی، لاکھوں افراد بجلی سے محروم، 36 افراد کے زخمی ہونے کی خبر کو پیش کیا ہے۔

راشٹریہ سہارا نے اقوام متحدہ ایلچی کے لیبیا میں خواتین کو بااختیار بنانے پر زور دینے کی خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارت نے، ICC چیمپئنس ٹرافی، ریکارڈ تیسری بار جیتی ہے۔ اُس نے نیو زیلینڈ کو شکست دی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بڑی کامیابی پر بھارت کی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

2- پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ آج شروع ہوگا۔

3- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کا تین روزہ دورہ شروع کریں گی۔

4- مدھیہ پردیش کو، آج مادَھو نیشنل پارک کے افتتاح کے بعد، شیروں کی نویں پناہ گاہ حاصل ہو جائے گی۔

5- بھارت اور یوروپی یونین، آج برسلز میں ایک آزاد تجارتی معاہدے کے لیے 10ویں دور کے مذاکرات شروع کریں گے۔

6- اور کینیڈا کی برسرِ اقتدار لِبرل پارٹی نے، مارک کارنی کو، جسٹِن ٹروڈو کی جگہ، ملک کا وزیر اعظم مقرر کیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔